(روزِ قیامت) تمام لوگ ربُّ العالمین کے روبرو کھڑے ہوں گے یہاں تک کہ ان میں سے کچھ اپنے آدھے کانوں تک پسینے میں ڈوبے ہوں گے۔

عبد الله بن عمر رضي الله عنهما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”(روز قیامت) تمام لوگ رب العالمین کے روبرو کھڑے ہوں گے یہاں تک کہ ان میں سے کچھ اپنے آدھے کانوں تک پسینے میں ڈوبے ہوں گے۔“

[صحیح] [متفق علیہ]

لوگ اپنی قبروں سے اٹھ کر رب العالمین کے روبرو کھڑے ہوں گے تاکہ وہ ان کو (ان کے اعمال کا) بدلہ دے یہاں تک کہ ان میں سے کچھ کے کانوں کے نصف تک پسینے پہنچ رہا ہو گا۔

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5462